

# عام سوالات جو بچوں کی دیکھ بھال کرنے والوں سے پوچھے جائیں

بچوں کی دیکھ بھال کے اچھی نوعیت کے پروگرام بچے کو محفوظ ہونے، اچھی کفالت اور دیکھ بھال کا احساس دلاتے ہیں۔ یہ خاندانوں اور اساتذہ کے ساتھ تعلقات بڑھاکر اور ایک دلکش اور ذمہ دارانہ ماحول پیدا کرکے بچوں کی تعلیم اور تکمیل میں مدد دیتے ہیں، جن سے بچوں کو آگے بڑھنے اور نشو و نما پانے میں مدد ملتی ہے۔

**آپ ان سوالوں کو استعمال کرکے بچوں کی دیکھ بھال کے معیاری پروگرام کو تلاش کریں جو آپ کی اور آپ کے بچے کی ضروریات کے مطابق ہو۔**

**حقیقت:**

آپ کسی تسلیم شدہ سینٹر یا گھر میں سے دیکھ بھال چن سکتے ہیں۔ گھروں میں کچھ دیکھ بھال کرنے والے تسلیم شدہ اداروں سے منسلک ہوتے ہیں اور دوسرے غیر تسلیم شدہ ہوتے ہیں۔ اخراجات مختلف ہوتے ہیں۔

## اخراجات اور دستیابی

1.کیا آپ کے پاس میرے بچے کے لئے جگہ ہے؟ )اگر نہیں، تو کیا کوئی منتظرین کی فہرست ہےاور کتنی لمبی ہے؟)
2. اخراجات کیا ہیں؟ مزید فیس بھی ہے؟ (دیکھ بھال کرنے والوں سے مزید فیس کی تشریح مانگیں، مثلاً، چھٹیاں، بیماری کے دن، دیر سے لیکر جانے یا درخواست کی فیس)
3. اِس سینٹر میں امداد پانے والوں کے لئے جگہیں دستیاب ہیں؟
4. کیا آپ پورے اور نصف وقت کے اندراج  پیش کرتے ہیں؟
5. لانے/لے جانے کے اوقات میں کتنی لچک ہے؟
6. دیکھ بھال کرنے والے والدین کے ساتھ کیسے بات چیت کرتے ہیں اور والدین کب ملاقات کے لئے آ سکتے ہیں؟

**حقیقت:**

غیر تسلیم شدہ دیکھ بھال کرنے والے اپنے گھر میں پانچ سے زاید بچوں کی دیکھ بھال نہیں کر سکتے۔

## صحت اور حفاظت

1. کیا آپ تسلیم شدہ ہیں یا غیر تسلیم شدہ؟
2. آپ کتنے بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں؟
3. آپ بچوں کی صحت کی یقین دہانی کیسے کرتے ہیں؟ (مثلاً، نیند، صفائی)
4. جب بچہ بیمار ہوتا ہے، تو کیا کرتے ہیں؟ (مثلاً، کیا انہیں گھر بھیجتے ہیں یا دوا دیتے ہیں)

ontario.ca/childcare

Ontario

2015 ISBN 978-1-4606-5210-7 (PDF) (Urdu) © انٹاریو کے لئے ملکہ کے طابع

5. حفاظتی اقدامت کیا ہیں؟ ( مثلاً آگ بھجانے والے آلات، دھواں/CO سراغ لگانے والے آلات، ابتدائی طبی امداد کا ڈبہ، حفاظتی دروازے اور ڈاٹ)
6. ہنگامی صورت حال میں اخراج کا طریقہ کیا ہے؟
7. کیا آپ شدید الرجی والے بچوں کو زود حسی مہیا کرتے ہیں؟

## خوراک اور غذا

1. آپ کس طرح کے ہلکے ناشتے اور کھانے مہیا کرتے ہیں؟
2. کیا کھانا سینٹر میں بنتا ہے یا باہر سے منگوایا جاتا ہے؟
3. کیا سینٹر میں کچھ کھانے کی چیزیں منع ہیں؟ (مثلاً، خشک میوہ یا الرجی پیدا کرنے والی کوئی اور شے)
4. کیا آپ ہماری خاندانی غذائی ضروریات کے لئے گنجائش نکال سکتے ہیں؟
5. کیا ماں کا دودھ رکھنے کے لئے کوئی فریج دستیاب ہے اور کیا دودھ پلانے کے لئے کوئی گوشوارہ ہے؟

**دیکھیے:**

کھانے کی فہرست میں خوراک کے 4 گروہ موجود ہیں۔

## پڑھائی اور کھیل

1. پورے دن کے دوران میرا بچہ کیا کرے گا؟
2. کھیلنے کی چیزیں کس طرح پڑھنے، تخلیقی صلاحیت اور معاشرتی تعامل میں مدد کرتی ہیں؟
3. آپ کس طرح دونوں اندرونی اور بیرونی کھیل کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں؟ باہر کتنا وقت گزارا جاتا ہے؟
4. کس طرح مختلف معاشرتی رسم و رواج پروگرام میں یکجا کیے جاتے ہیں؟
5. پروگرام میں گھر کے افراد کو کس طرح سے شامل کیا جاتا ہے؟
6. بچہ اگر ناراض یا پریشان ہے، تو ایسے میں کیا کیا جاتا ہے؟

**دیکھیے:**

- ایسا ماحول جو کھیل اور تجسس کے ذریعے بچوں کی تعلیم میں مدد دیتا ہے۔
- گھر والوں کی شمولیت کا خیر مقدم اور حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

## دیکھ بھال کرنے والے اور تربیت یافتہ پیشہ وران

1. عملے اور دیکھ بھال کرنے والوں کی تعلیم یا تربیت کیا ہے؟ (مثلاً، درج شدہ چھوٹے بچوں کے معلم)
2. کیا سینٹر میں کسی کے پاس سی پی آر اور ابتدائی طبی امداد کی سند ہے؟
3. اگر عملہ یا دیکھ بھال کرنے والا بیمار ہے یا چھٹی پر ہے، تو ایسے میں کیا ہوتا ہے؟

**دیکھیے:**

عملہ یا دیکھ بھال کرنے والا ایسا ہو جسکے پاس بچوں کے ساتھ کام کرنے کی تعلیم یا تربیت ہو۔

ontario.ca/childcare

Ontario

ISBN 978-1-4606-5210-7 (PDF) (Urdu) © انٹاریو کے لئے ملکہ کے طابع 2015